یوبی ایل کیش پلس

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

یوبی ایل کیش پلس ٹرم لون کے لیے کون درخواست دینے کا اہل ہے؟

کمپنیوں کے مستقل تنخواہ دار ملازمین، حکومتی ایجنسیاں، اور آرمڈ فورسز جن کی ماہانہ تنخواہ کا تعلق یوبی ایل کے ساتھ ہے وہ یوبی ایل کیش پلس ٹرم لون کے لیے درخواست دینے کے اہل ہے۔

یوبی ایل کیش پلس کے حصول کے لیے کم از کم تنخواہ کتنی ہونی چاہیے؟

یوبی ایل کیش پلس کے حصول کے لیے کم از کم تنخواہ -/25,000 روپے ہونی چاہیے۔

یوبی ایل کیش پلس کے کم از کم اور زیادہ سے زیادہ قرضے کی حد کتنی ہونی چاہیے؟

یوبی ایل کیش پلس کے لیے کم از کم کریڈٹ کی حد -/20,000 روپے اور زیادہ سے زیادہ -/3,000,000 روپے ہونی چاہیے۔

یوبی ایل کیش پلس کے لیے کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ کتنی عمر ہونی چاہیے؟

یوبی ایل کیش پلس کے لیے کم سے کم عمر 21 سال اور زیادہ سے زیادہ 60 سال ہونی چاہیے۔

قرض کی مدت کتنی ہے؟

قرض کی مدت کم از کم 1 سال اور زیادہ سے زیادہ 5 سال ہے

کیا یوبی ایل کیش پلس صارفین کے لیے براہ راست ڈیبٹ برائے ادائیگی لازمی ہے؟

ہاں، ادائیگی کے لیے براہ راست ڈیبٹ، یوبی ایل کیش پلس صارفین کے لیے لازمی ہے۔

APR کا حساب کس طرح کیا جاتا ہے؟

نظام کی فعالیت کی وجہ سے، مارک اپ کا حساب 365 یوم مکمل ہونے پر کیا جاتا ہے، اس سے صارفین کو کم ادائیگی کی رقم کا فائدہ ہوتا ہے کیونکہ شائع شدہ ریٹس کی نسبت APR کم ہے۔

کن حالات کے تحت، مجھ سے لیٹ پے منٹ فیس چارج کی جائے گی ؟

انسٹال منٹ کی ادائیگی کے لیے ڈیڈ لائن ہر ماہ کی **10** تاریخ ہوتی ہے؛لہذا، ہر وہ ادائیگی جو رہ گئی/دیر سے کی گئی اس پر اگلی اانسٹال منٹ کے وقت صارفین سے لیٹ پے منٹ فیس چارج کی جائے گی۔